## سوال

(475) گھر سے دور کسی عزیز پر آیۃالکرسی کا دم کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ناگرہ سے فاطمہ بی بی لکھتی ہیں کہ کیا گھر سے دور کسی عزیز پر آیۃالکرسی سے دم کیا جاسکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

دم کرنے کےلیے ضروری ہے کہ دم کرنے والے کی پھونک یا پھونک زدہ ہاتھ دوسرے آدمی کے وجود کو مس کرے صورت مسئولہ میں یہ چیز مفقود ہے لہذا ایسا کرنا درست نہیں اسی طرح سپیکر میں پھونک مارناتا کہ جہاں تک اس کی آواز جاتی ہے ان پر دم ہوجائے جیسا کہ ہمارے ہاں کسی وقت پیر سپاہی دم کیا کرتا تھا یا ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے دم شدہ کیسٹ سے کسب فیض کرنا یہ سب خلاف عقل و نقل ہے اس بنا پر گھر سے دور کسی عزیز آیۃالکرسی پڑھ کر دم کرنا درست نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاوی اصحاب الحدیث

**جلد:1 صفحہ:476**